ماتمي نوحه

هے فاطمة کے جگر کا ٹکرا　　　حسين آقا حسين مولیٰ

علي کي آنکھوں کا هے يہ تارا　　　حسين آقا حسين مولیٰ

مصيبتوں اور الم کے سائے　　　کچھ ايسے زهرة کے گھر پہ چھائے

هوا هے ويران باغ زهرة

ميں اپنا گھر بار بھي لٹا کے　　　بچاؤنگا دين سر کٹا کے

يوں کر رهے هيں نبي سے وعده

حسين عاشور کي فجر سے　　　هيں اشک پہ اشک هي بهاتے

هر اک کو نظروں سے مرتے ديکھا

حسين کي جان حسين کي آس　　　گرا هے بازو کٹائے عباس

نهر سے غازي نے هے پکارا

حسين دل کو سنبهالے کيونکر　　　تڑپ رها هے زميں پہ اکبر

اٹھے گا کيسے جوان کا لاشه

نظر سے آنسو ٹپک رهے هيں　　　لحد ميں اصغر کو رکھ رهے هيں

هے سوني گودي هے سونا جھولا

حسين کے رونے کي صدا پر　　　نہ هووے بے چين کيوں پيمبر

نبي کو هے جان سے وه پيارا

جو چڑھ کے کاندھے پہ مصطفیٰ کے صدائے حل حل کي دے رہا ھے
اُسے پکارے زمانہ سارا

کھینگے جبریل کس زباں سے حسین آقائے دوجہاں سے
کٹے گا سجدے میں سر تمھارا

خدا ھے احساں حسین تو ھے خدا کا احساں حسین تو ھے
ھے تیرا احساں وہ تیرا سجدہ

مدد مجوسي کي کرنے والے ھر ایك مومن تجھے پکارے
اے کاشف الکروبات مولیٰ

اگر گناہ کے سبب سے یارب نہ آنکھ روئے حسین پر جب
توکرکے احسان بخش دینا

جو بیج سیف الھدیٰ نے بوئے وہ پھل برھاني زمیں میں پائے
یہ جوش ماتم سنا نہ دیکھا

برھان دیں شہ رہے سلامة سدا رھیں اوج پر بہ صحة
نصیب ھو شہ کے لب سے سننا

حسین کے ذکر کي یہ نعمة کے ساتھ برھان دیں کي مدحة
یھي تو عابد ھے اپنا توشہ

عبد سیدنا طع

عابد حمزہ رشیق